آڈٹ بیوروآف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
ABC CERTIFIED

بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)

DAILY ETTELAAT KARACHI

روزنامہ اطلاعات کراچی

بانی سیدہ زاہدہ سلطانہ

چیف ایڈیٹر طاہر ملک

ایڈیٹر: میاں طارق جاوید

ETTELAATKHI@GMAIL.COM

جلد نمبر: 27 | 25 ربیع الثانی 1448 جمعرات 08 اکتوبر 2026ء | قیمت 10 روپے | شمارہ: 179


# انکار نہیں کیا، مذاکرات کیلئے تیار ہیں: بیرسٹر گوہر

ریاست کو یرغمال بنا کر کوئی مطالبہ نہیں منوایا جاسکتا: رانا ثناء اللہ

ملک وقوم اور جمہوریت کیلئے مذاکرات کا کامیاب ہونا ناگزیر ہے، خیبر پختونخوا میں گورنر راج یا ایمرجنسی نہیں لگنی چاہیے، چیئرمین پاکستان تحریک انصاف کی میڈیا سے گفتگو

پاکستان تحریک انصاف ذاتی مفادات چھوڑ کر مذاکرات کی طرف آئے، دروازے کھلے ہیں، 4 اکتوبر سے اب تک پی ٹی آئی صرف چند ہزار افراد جمع کر سکی ہے: مشیر وزیر اعظم

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23

## فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور انتونیو گوتریس کی ملاقات

ملاقات میں کشمیر، سندھ طاس معاہدہ، افغان دہشت گردی پر بات چیت کی گئی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26

## صومالی قزاقوں کی قید سے رہا بقیہ 3 پاکستانی بھی کراچی پہنچ گئے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25

## سعودی عرب میں پاکستانی دستوں کی موجودگی کی تصدیق

پاکستانی دستے مختلف ڈومینز سے تعلق رکھتے ہیں، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24



اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف سے اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس کی قیادت میں وفد دورہ پاکستان کے موقع پر ملاقات کر رہا ہے

# 48 فیصد پاکستانی غربت کے خطے میں: ورلڈ بینک کی ہوشربا رپورٹ

ملکی معاشی صورتحال رپورٹ میں بیاں

طویل اقتصادی اصلاحات کے نتیجے میں حقیقی گھریلو آمدنی میں کمی واقع ہوئی ہے، جس سے نہ صرف ملک میں غربت بڑھی ہے بلکہ روزگار کے مواقع بھی کم ہوئے ہیں

عالمی بینک کا تخمینہ ہے کہ رواں مالی سال میں پاکستان کی جی ڈی پی نمو 2.2 فیصد رہے گی، جو تقریباً گزشتہ سال کے برابر، مسلسل کئی منفی معاشی جھٹکوں کا سامنا کرنا پڑا ہے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27

## اسرائیل کی ٹیکنالوجی شکست کھا گئی: حافظ نعیم

دنیا کی تاریخ میں ایک بڑی تبدیلی واقع ہوئی، جن کا خیال تھا کہ اسرائیل کو شکست نہیں دی جاسکتی ان کی سوچ غلط ثابت ہوئی ہے

امریکا ایک دہشت گرد ملک کے طور پر کام کرتا ہے، باضمیر لوگوں کو جس طرح اٹھنا چاہیے اس کیخلاف حکمران طبقہ رکاوٹ بن جاتا ہے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29



اسلام آباد، نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار بلاروسی ہم منصب سے ملاقات کر رہے ہیں

## گورنر راج سمیت تمام آپشنز زیر غور ہیں: خواجہ آصف

پاکستان تحریک انصاف کی صوبائی حکومت کے دہشت گردوں سے ملی بھگت کے شواہد موجود ہیں، وزیر دفاع

پی ٹی آئی کی صوبائی حکومت کی صوبے میں دہشت گردی سے مکمل لاتعلقی اور مجرمانہ بے حسی جاری ہے، سوشل میڈیا پر بیان

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28



مسقط، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز عمانی وزیر برائے ہاؤسنگ اور اربن پلاننگ ڈاکٹر خلفان سے ملاقات کر رہی ہیں

# سیکورٹی فورسز کی فتنہ الخوارج پر کاری ضرب، 18 خوارج ہلاک

سیکورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان اور گردونواح میں فتنہ الخوارج کے ٹھکانوں کو کامیابی سے نشانہ بنایا، عزم استحکام وژن کے تحت کارروائیاں، سیکورٹی ذرائع

دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور پائیدار امن کے قیام کیلئے پرعزم، ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد ہوا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30



اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب پاور سیکٹر ریگولیٹری ریجیم اسٹیئرنگ کمیٹی کے دوسرے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## FBR ٹیکس نظام سخت اور ڈیجیٹل کرنے کا فیصلہ

اسی سال ایف بی آر نظام سے انضمام مکمل ہوگا، گوشواروں کی خودکار جانچ اور ای ٹی ایل کیلئے نئی شرائط، ترامیم پر اعتراضات و تجاویز طلب

ٹیکس نظام کو مزید سخت اور ڈیجیٹل بنانے کیلئے بڑے پیمانے پر نئی ترامیم کا مسودہ جاری، ٹیکس کریڈٹ اسی سال کے ریٹرن میں حاصل ہوگا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31



کراچی، گورنر سندھ نہال ہاشمی سے رکن قومی اسمبلی آغا رفیع اللہ خان، محمد نیر وز خان اور چوہدری الطاف ملاقات کر رہے ہیں

## جدید عوامی سفری نظام ناگزیر ہے: شرجیل میمن

تاج حیدر پل کے دوسرے حصے اور ڈپو کے تعمیراتی کام ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیے جائیں، سینئر صوبائی وزیر کی ہدایت

منصوبے کے ہر حصے کی باقاعدگی سے نگرانی کی جائے اور تعمیراتی کام کی رفتار کے ساتھ ساتھ معیار کو بھی یقینی بنایا جائے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37

## انسانی حقوق کے ایڈیشنل سیکریٹری کمیٹی کے چیئرمین مقرر

سول ڈیفنس کی عمارت سے 29 افراد کی بازیابی، سندھ حکومت کی انکوائری کمیٹی قائم

ایس آئی یو اور اے وی سی سی کے کردار، قانونی جواز اور ریکارڈ کا جائزہ لیا جائے گا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32

## میر رضا کیس، جوڈیشل کمیشن کا NCCIA فیصل آباد سے شکایت کی تفصیلات طلب کرنے کا حکم

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33

## سپریم کورٹ کا فیصلہ حق و سچ کی فتح ہے، ایم کیو ایم پاکستان

عدالتی ریمارکس حذف کرنے کی درخواست مسترد ہونا موقف کی تائید ہے، ترجمان

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34

## شہر کے مختلف علاقوں میں فائرنگ واقعات میں ایک شخص جاں بحق

2 افراد زخمی، اسپتال منتقل کردیا

## میر رضا کیس، جوڈیشل کمیشن کے تفتیشی افسر سے سخت سوالات

سابق تفتیشی افسر نے گواہان کے 161 کے بیانات ریکارڈ نہیں کیے تھے؟ کمیشن

161 کے بیانات میں اہم پہلوؤں سے متعلق سوالات نہ ہونے پر کمیشن کا اظہار تشویش

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36

## متعدد علاقوں میں بجلی کا ڈیڑھ گھنٹے کا بریک ڈاؤن

منگھوپیر، کیماڑی، نیو کراچی، سرجانی، ناظم آباد، لیاری اور دیگر علاقوں میں بجلی معطل

کراچی کے بیشتر علاقوں میں بجلی کی فراہمی معمول کے مطابق جاری ہے، کے الیکٹرک

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35



کراچی، پی پی پی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے سندھ کے صدر ڈاکٹر کھوڑو کا بلاول ہاؤس میں ملاقات کے بعد گروپ فوٹو



کراچی، ایڈیشنل آئی جی کراچی آزاد خان سے پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ کا 4 رکنی وفد ملاقات کر رہا ہے

# KP میں فوجی آپریشن نہیں ہوگا: جب تک وزیر اعلیٰ ہوں، سہیل آفریدی

مسلط ذہنیت ہم سے ایک اور فوجی آپریشن پر دستخط کرانا چاہتی تھی، عوام مخالف ہر پالیسی کی مزاحمت کروں گا، گزشتہ روز کے مذاکرات سیاسی نوعیت کے تھے

جن کی بیویوں کے پرس کی قیمت 4 لاکھ سے زیادہ ہے وہ قبائلی خاندانوں کی آبادکاری کیلئے صرف 4 لاکھ دیتے ہیں، کیا ہم کیڑے مکوڑے ہیں؟ وزیر اعلیٰ کے پی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38

## فقیرا گوٹھ میں 4 مسلح ملزمان گھر میں داخل، مزاحمت پر شہری قتل

دوسرا زخمی، اہلخانہ کے شور مچانے پر فائرنگ کرکے فرار، مقتول 3 بچوں کا باپ تھا، ذرائع

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42

## ٹرانسپورٹرز کے مسائل کیلئے ہر ممکن تعاون کریں گے، آزاد خان

آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ کے 4 رکنی وفد نے صدر ملک شہزاد اعوان کی قیادت میں ملاقات کی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43

## بفرزون میں پولیس افسر بھی ڈاکوؤں کا نشانہ بن گیا

بفرزون مارکیٹ کے قریب 2 مسلح ملزمان نے پولیس افسر کو لوٹ کر تشدد کا نشانہ بنایا

موبائل، نقدی، اے ٹی ایم کارڈ، شناختی کارڈ اور موٹر سائیکل چھین لی، فوٹیج جاری

## اورنگی ٹاؤن شہید چوک میں گھر سے 32 سالہ شخص کی پھندا لگی لاش برآمد

## شوٹر نفاذ الاسلام اسپیشل سیکورٹی یونٹ کے ہاتھوں مارا گیا

پاک کالونی میں ماربل فیکٹری سے بھتہ طلب کرنے والا مرکزی شوٹر ہلاک ہوا، ایس آئی یو

ملزم کے قبضے سے 2 پستول اور واردات میں استعمال موبائل فون برآمد، ڈاکٹر سمیع اللہ سومرو

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39

## پولیس مقابلوں میں ایک ملزم ہلاک ایک کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا

## کراچی میں ایک کروڑ 30 لاکھ روپے کی ڈکیتی واردات

نیپا پل کے قریب ڈکیتی کے دوران مزاحمت پر شہری زخمی، طبی امداد کیلئے اسپتال منتقل کردیا

آئی جی سندھ نے رپورٹ طلب کرلی، فوری گرفتاری کیلئے خصوصی اقدامات کی ہدایت



پشاور، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل خان آفریدی صوبائی کابینہ کے 60 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## نیوی کی بڑی کارروائیاں 96 ملین ڈالر مالیت کی منشیات برآمد

غیر قانونی منشیات کی اسمگلنگ کیخلاف کارروائیاں غیر متزلزل عزم کی عکاس ہیں، آئی ایس پی آر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40

## نارتھ کراچی میں بجلی کی طویل بندش، شہری پریشانی کا شکار

سیکٹر 11 میں ایک گھنٹے سے زائد بجلی بند، طلبہ اور دفتر جانے والے افراد کو مشکلات کا سامنا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41


اطلاعات
ETELAAT DIGITAL
روزانہ اخبار پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر وزٹ کریں
dailyettelaat.com
Follow us on :
fb/Dailyettelaatkarachi




آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
ABC CERTIFIED
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DALIY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
پبلشر سید محمد کمال نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مشرق بلڈنگ آفس نمبر 103 کورٹ روڈ کراچی سے شائع کیا۔ (ریزیڈنٹ ایڈیٹر: تحسین کمال)

## کور کمانڈرز کانفرنس کا دوٹوک پیغام

آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی زیر صدارت جنرل ہیڈ کوارٹرز (جی ایچ کیو) راولپنڈی میں اگلے روز 277 ویں کور کمانڈرز کانفرنس منعقد ہوئی۔ ملک کو درپیش مختلف قسم کے چیلنجز کے تناظر میں یہ کانفرنس انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔ اس کانفرنس میں پاکستان کے اندرونی اور بیرونی چیلنجز پر غور کیا گیا اور اس حوالے سے واضح اور دوٹوک پیغام جاری کیا گیا ہے۔ کور کمانڈر کانفرنس میں کہا گیا ہے کہ 9 مئی جیسی صورت حال پر طاقت سے نمٹا جائے گا۔ کانفرنس میں دہشت گردی اور انتشاری جتھے سازی پر بالکل واضح اور غیر مبہم پیغامات دے دیے گئے۔ کور کمانڈر کانفرنس میں واضح کیا گیا کہ پاکستان کے لیے داخلی استحکام انتہائی اہم ہے، کسی بھی جواز پر پرتشدد انتشار یا 9 مئی جیسے حالات پیدا کرنے کی کسی بھی کوشش کو فیصلہ کن طاقت اور قانون کے مطابق بلاامتیاز اور بلاجھجک نمٹا جائے گا۔ بلاشبہ پاکستان کا اندرونی استحکام اور امن معاشی ترقی اور بہتر گورننس کے لیے سب سے اہم اور بنیادی چیز ہے۔ دنیا میں انھی ملکوں نے ترقی کی ہے، جن ملکوں میں ذمے دار اور قانون پسند سیاسی قیادت نے رہنما کردار ادا کیا اور ملک کے اندر امن کی راہ ہموار کی۔ انتشار اور بدامنی کسی ملک کی وحدت اور اس کی ترقی کے لیے زہر قاتل ہوتی ہے۔ اس لیے کور کمانڈر کانفرنس کا پیغام بالکل واضح ہے کہ ملک میں دہشت گردی اور انتشاری جتھوں کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ دنیا کا کوئی بھی ملک اندرونی طور پر مسلح جتھے برداشت نہیں کرتا۔ پاکستان میں قیام امن کے لیے ضروری ہے کہ یہاں مسلح جتھوں اور جرائم پیشہ گروپوں کا خاتمہ کیا جائے۔ پاکستان میں جو لوگ انتشار پھیلانے کی کوشش کر رہے ہیں، انھیں یقینی طور پر بیرونی مدد بھی حاصل ہے۔ ان لوگوں کی فنانشل لائف لائن کا برقرار رہنا انھیں دراصل زندہ رکھے ہوئے ہے۔ پاکستان کی شمال مغربی سرحد اس حوالے سے بہت اہمیت کی حامل ہے۔ افغانستان ایک ایسا ملک بن چکا ہے جہاں دنیا بھر کے دہشت گرد گروپ موجود ہیں اور افغانستان پر قابض طالبان حکومت کو اس کا پوری طرح علم بھی ہے۔ کور کمانڈرز کانفرنس میں کہا گیا کہ افغانستان سے ہونے والی دہشت گردی کے خلاف ٹارگٹڈ کارروائیاں پاکستان کا دفاعی حق ہیں۔ ہندوستان کے آلہ کار کے طور پر دہشت گردی کے سنگین نتائج کی ذمے دار صرف اور صرف طالبان کی کم فہم قیادت ہے۔ فورم نے قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے تسلسل کے ساتھ کامیاب انٹیلی جنس کی بنیاد پر جاری انسداد دہشت گردی کی کارروائیوں کو سراہا ہے۔ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے زمینی کارروائیوں کے ساتھ بہترین انتظامی اور گورننس کے اقدامات ناگزیر ہیں۔ دہشت گردی کے خاتمے کیلئے لازم ہے کہ گورننس کو بنیادی سطح پر عوام کے قریب ترین لایا جائے۔ فورم نے کہا کہ یہ بھی ضروری ہے کہ عوام کے ساتھ دہشت گردی کی وجوہات اور معاملات پر مؤثر رابطہ کاری اور بیانیے پر کام کیا جائے۔

## فلائی دبئی واقعہ: حقیقت، سوالات اور سازش کے امکانات



تحریر: طاہر ملک
چیف ایڈیٹر روزنامہ اطلاعات کراچی

## سیاست کو جلاوطن نہ کریں



تحریر: سید اویس کریم
سینئر تجزیہ کار

## مصنوعی ذہانت کا انجام: جب انسان مشین بن جائے



تحریر: اسد اللہ صدیقی
سینئر تجزیہ کار، اینکر پرسن

## عالمی برادری فلسطینی عوام کو حق خودارادیت دلوانے میں مؤثر کردار ادا کرے، ارشد کاظمی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) تحریک اہلسنت پاکستان صوبہ سندھ کے صدر پیر طریقت رہبر شریعت پیر سید ارشد علی شاہ کاظمی القادری نے کہا ہے کہ 7 اکتوبر فلسطین اور غزہ کے مظلوم عوام کے ساتھ تجدید یکجہتی کا دن ہے، فلسطین کا مسئلہ کسی ایک خطے یا قوم کا مسئلہ نہیں بلکہ پوری امت مسلمہ کے لیے ایک اہم انسانی اور اخلاقی مسئلہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی برادری کو فلسطینی عوام کے بنیادی حقوق، آزادی اور...

## حکومت اور اپوزیشن "گرینڈ نیشنل چارٹر" پر متفق ہوں، حنیف طیب

عوام شدید اضطراب میں ہیں، سیاسی رہنما سمجھداری اور دوراندیشی کا مظاہرہ کریں۔ سابق وفاقی وزیر پیٹرولیم

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نظام مصطفیٰ پارٹی کے چیئرمین سابق وفاقی وزیر ڈاکٹر حاجی محمد حنیف طیب نے کہا کہ موجودہ ملکی حالات کو دیکھتے ہوئے ضروری ہے کہ حکومت اور اپوزیشن دونوں فریقین ذاتی اور سیاسی اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر ملک اور عوام کے بہتر مستقبل کے لیے سر جوڑ کر بیٹھیں۔ ...

## مولانا حافظ عبدالرحمٰن سلفی کی صحت یابی کے لئے دعا کی اپیل

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مرکزی جماعت غرباء اہل حدیث پاکستان کے مرکزی امیر و جامعہ ستاریہ الاسلامیہ کے رئیس الجامعہ مولانا حافظ عبدالرحمٰن سلفی تھوڑے عرصہ سے طبیعت کی علالت کی وجہ سے مقامی ہسپتال میں زیر علاج ہیں۔ ...

## عوام کو بہتر بلدیاتی سہولیات کی فراہمی ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے: فراز حسیب

شہری سہولیات کی بہتری اور عوام کو بہتر بلدیاتی سہولیات کی فراہمی ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین لیاقت آباد ٹاؤن فراز حسیب نے وائس چیئرمین اسحاق تیموری اور متعلقہ افسران کے ہمراہ یونین کمیٹی نمبر 01 موسیٰ کالونی کا دورہ کیا، جہاں مختلف علاقوں میں جاری پیور بلاک کی تنصیب کے ترقیاتی کاموں کا تفصیلی معائنہ کیا گیا۔ ...



جامعہ کراچی میں منعقدہ ٹیکنالوجی سیمینار کے موقع پر مہمان خصوصی پروفیسر عطاء الرحمٰن، ڈاکٹر سلوت عسکری کو شیلڈ پیش کر رہے ہیں

## بچیوں کی تعلیم پورے معاشرے کے مستقبل کا معاملہ ہے، شمسہ جبین

## سیاست اقتدار اور عوام



تحریر: عقیل اختر

پاکستان کی سیاست میں ایک بار پھر ایسا وقت آ گیا ہے جب ہر گلی، ہر چائے کے ہوٹل، ہر سیاسی بیٹھک اور ہر میڈیا ٹاک شو میں ایک ہی سوال زیر بحث ہے کہ ملک ...

## قرآن وسنت کو اپنی انفرادی زندگی کا حصہ بنایا جائے، مفتی محمد فیض

برائیوں کا خاتمہ صرف تقریروں اور نعروں سے نہیں بلکہ اپنے کردار اور عمل کی اصلاح سے ممکن ہے

علم کے ساتھ عمل، عبادت کے ساتھ اخلاق اور مذہبی وابستگی کے ساتھ حقوق العباد کی ادائیگی کی ضرورت ہے

## مہنگائی، بے روزگاری اور ٹیکسوں کی بھرمار نے عوام کا جینا دوبھر کر دیا ہے۔ حاشر عمر

## امۃ ویلفیئر ٹرسٹ نے رکشے اور موٹر سائیکلیں مفت دے دیں

امۃ جنریشن پروگرام 2026 کے تین مراحل میں مجموعی طور پر 263 افراد مستفید

## جنوبی سندھ، کراچی اور حیدرآباد پر مشتمل نیا صوبہ نہیں بنایا جائے۔ کامران علی



آئی آئی چندریگر روڈ کے سروس روڈ پر گٹر کا ڈھکن غائب ہے

## چیئرمین لیاقت آباد کا یونین کمیٹی نمبر 01 موسیٰ کالونی کا دورہ

اخلاص کو عبادات و اعمال کی روح قرار دیا گیا۔ مولانا عبدالماجد

## عوام کا درد سمجھنا منتخب نمائندوں کی ذمہ داری ہے، مفتی نعمان نعیم

اہل اقتدار نہ بھولیں روز محشر ان سے رعایا کے بارے میں سوال ہو گا

## کھیلوں سے نوجوان جسمانی اور ذہنی طور پر مضبوط ہوتے ہیں۔ محمد کلیم احمد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ ن ڈسٹرکٹ ویسٹ کے سینئر نائب صدر محمد کلیم احمد نے کہا کہ نوجوانوں کی صحت اور تندرستی کے لیے کھیلوں کے گراؤنڈز پر خصوصی توجہ وقت کی ضرورت ہے کھیل صرف تفریح نہیں بلکہ صحت مند معاشرے کی بنیاد ہیں کھیلوں سے نوجوان جسمانی اور ذہنی طور پر مضبوط ہوتے ہیں انہوں نے کہا کہ کراچی کے بیشتر علاقوں میں گراؤنڈز خستہ حالی کا شکار ہیں نوجوانوں کے پاس کھیلنے کے لیے جگہ نہیں۔

## پروین اختر کی صحت یابی کیلئے ائمہ وخطباء اور عوام سے خصوصی دعاؤں کی اپیل

مشکل وقت میں کسی ضرورت مند خاندان کا سہارا بننا انسانی ہمدردی کے ساتھ ساتھ باعث اجر و ثواب بھی ہے

## صحت مند طرز زندگی، متوازن غذا اور باقاعدہ ورزش سے دل کے امراض سے بچا جا سکتا ہے۔ ڈاکٹر ندا عمر

## اورنگی ٹاؤن میں سیوریج کا نظام درہم برہم اور عوام پینے کے پانی کی سہولیات سے محروم ہیں، مفتی محمد علی جہانگیری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) تحریک لبیک پاکستان ضلع غربی کے نائب امیر مفتی محمد علی جہانگیری نے اورنگی ٹاؤن کے مختلف علاقے کے دورے پر اورنگی ٹاؤن کے ترقیاتی کاموں کے لیے نظر ثانی کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ اورنگی ٹاؤن اس وقت بدحالی کا منظر پیش کر رہا ہے انہوں نے کہا کہ اورنگی ٹاؤن میں سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں، جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر لگے ہوئے ہیں۔



جامعہ کراچی کے شعبہ فزکس کے زیر اہتمام منعقدہ دو روزہ قومی سمپوزیم کی افتتاحی تقریب کے موقع پر مقررین شرکاء کا گروپ فوٹو



امۃ ویلفیئر ٹرسٹ کی جانب سے ضرورت مند اور بے روزگار افراد کو باعزت روزگار فراہم کرنے کے سلسلے میں رکشے اور موٹر سائیکلیں دیے جانے کی تقریب میں امۃ ویلفیئر ٹرسٹ پاکستان کے وائس چیئرمین حاجی عبدالرزاق بیلی، حاجی بلال کلی، ارشاد بخاری، خالد اعوان و دیگر چابیاں تقسیم کر رہے ہیں

### بقیہ نمبر اطلاعات 01

ہیں جس سے مسئلہ زیادہ بڑھ جاتا ہے۔ قدرتی طور پر مثانہ ایک مسکولر تھیلی ہے جو پیشاب کو جمع کرتی ہے۔ جب یہ کمزور ہو جائے تو بار بار پیشاب کا احساس ہوتا ہے، رات کو کئی بار نیند سے اٹھنا، پیشاب روکنے میں دشواری، یہ سب علامات ہیں جنہیں نظرانداز نہیں کرنا چاہیے۔ ڈاکٹر کاشف قمیص نے کہا کہ ہربل طریقہ علاج میں سب سے اہم نظام ہضم اور اعصاب کی اصلاح ہے۔ ہم اپنے مریضوں کو متوازن غذا، پانی کا مناسب استعمال، چائے / کافی سے پرہیز اور ہلکی ورزش کی مکمل گائیڈ لائن دیتے ہیں۔ روزانہ پانی کا مناسب استعمال، رات کو سونے سے قبل چائے کافی سے پرہیز اس مرض میں بہت مفید ثابت ہو سکتا ہے۔ اس مرض میں مبتلا مریض اس نسخہ کا استعمال بھی کر سکتے ہیں۔ تخم کاسنی 50 گرام، پان منڑ 30 گرام، اسطوخدوس 30 گرام، موصلی سفید اطریفل 50 گرام۔ آدھا چائے کا چمچ صبح و شام پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ یہ مثانے کو تقویت دیتے ہیں اور پیشاب کی بے قابو کیفیت کو کنٹرول کرتے ہیں۔

### بقیہ نمبر اطلاعات 02

کروٹوف نے دنیا کے مختلف خطوں کے اپنے سفری تجربات، مختلف ثقافتوں، معاشروں اور قدرتی مناظر کے بارے میں تفصیلی گفتگو کی۔ انہوں نے پاکستان کے اپنے دورے کے تجربات بھی بیان کیے اور کہا کہ انہیں پاکستان میں قیام کے دوران بہت خوشی ہوئی بالخصوص پاکستان کے شمالی علاقوں کی خوبصورتی نے انہیں بے حد متاثر کیا اور یہ سفر ان کے لیے یادگار رہا۔ اطلان کروٹوف نے کراچی کے بارے میں بھی اپنے مثبت تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ انہیں شہر اور یہاں کی پرجوش فضا بہت پسند آئی۔ انہوں نے پاکستانی کھانوں، بالخصوص بریانی، کو بھی پسند کیا اور کہا کہ وہ پاکستانی کھانوں میں استعمال ہونے والے مصالحوں سے بھی بخوبی مانوس ہو گئے ہیں۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ قیام کے دوران وہ پاکستان کے موسم کے بھی عادی ہو گئے۔ روس کے حوالے سے اپنے تجربات بیان کرتے ہوئے اطلان کروٹوف نے پاکستانی سیاحوں کو موسم گرما میں روس کا دورہ کرنے کی دعوت دی۔ ان کا کہنا تھا کہ گرم مہینوں میں روس کے وسیع علاقوں اور مختلف سیاحتی مقامات کو زیادہ آسانی سے دیکھا جا سکتا ہے اور شدید سردی کا سامنا بھی نہیں کرنا پڑتا۔ روسی ہاؤس کراچی کے ڈائریکٹر نکیتا کوسیاکوف نے بھی پاکستان اور روس کے درمیان سیاحت اور عوامی روابط کے فروغ کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ روس ایک وسیع ملک ہے جہاں مختلف نوعیت کے سیاحتی مقامات موجود ہیں، جبکہ پاکستان ایک دوست ملک ہے اور دونوں ممالک کے عوام کے درمیان روابط کو مزید مضبوط بنانے کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیاحت، تعلیمی دوروں، ثقافتی تبادلوں اور عوامی روابط کو فروغ دے کر پاکستان اور روس کے درمیان تعلقات کو مزید مستحکم کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے تعلیم، سیاحت اور برآمدات سمیت مختلف شعبوں میں تعاون اور باہمی تبادلوں کے فروغ کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ یہ لیکچر شرکا کے لیے ایک تجربہ کار بین الاقوامی سیاح کے سفری مشاہدات براہ راست سننے کا ایک اہم موقع ثابت ہوا، جبکہ اس موقع پر پاکستان اور روس کے درمیان سیاحتی اور ثقافتی تبادلوں کے مزید فروغ کے امکانات بھی اجاگر ہوئے۔

### بقیہ نمبر اطلاعات 03

کونسل کی سطح تک فعال ہے، جس کا سہرا پیپلز پارٹی شعبہ خواتین کی مرکزی صدر محترمہ فریال تالپور کو جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنی قیادت، صدر مملکت آصف علی زرداری، چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور خواتین ونگ کی مرکزی صدر فریال تالپور پر فخر ہے، جنہوں نے پارٹی تنظیم کو مضبوط بنانے پر خصوصی توجہ دی ہے۔ شگفتہ جمانی نے کہا کہ ماضی میں کراچی کے ساتھ جو کچھ ہوتا رہا، انہوں نے کہا کہ ہم اردو بولنے والے ہیں اور سندھ نے ہمیں اپنایا ہے۔ ہم پڑھے لکھے خاندانوں سے تعلق رکھتے ہیں۔ ایک وقت ایسا بھی آیا جب کراچی میں ہتھیار اٹھانے کی باتیں ہوتی تھیں، لیکن آج حالات بدل چکے ہیں۔ شاہدہ رحمانی نے کہا کہ ہماری خواہش ہے کہ شکارپور ہو یا کراچی، سندھ کے تمام بچے مقابلے میں آگے بڑھیں اور انہیں ترقی کے یکساں مواقع میسر آئیں۔ انہوں نے بھی پیپلز پارٹی میں شامل ہونے والے تمام افراد کو خوش آمدید کہا۔ پریس کانفرنس میں پیپلز پارٹی شعبہ خواتین سندھ کی جنرل سیکریٹری ایم این اے ڈاکٹر مہرین رزاق بھٹو، انفارمیشن سیکریٹری و ایم پی اے سعدیہ جاوید، پیپلز پارٹی کراچی ڈویژن کی جنرل سیکریٹری و صوبائی وزیر شاہینہ شیر علی، عاصمہ حسن اور انیلہ انصاری بھی موجود تھیں۔ پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کرنے والی خواتین میں مختلف سیاسی جماعتوں کی عہدیداران، سماجی و کاروباری شخصیات شامل تھیں۔ ان میں چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی صدر شمی خان صاحبہ فارمر صدر ثروت شہزاد، قومی ایگزیکٹو ڈاکٹر اکبر ایم کیو ایم کی مرکزی سوشل میڈیا ایگزیکٹو مریم ارشد، فرزانہ ارشد، ڈاکٹر نازیہ بابر شیخ، اسماء آفرین بشیر، صوفیہ، فاطمہ فیصل، نجمہ پروین، حلمی صدیقی، ماہرہ ورائی، فزا مشتاق، حفصہ شکیل، بسرہ اشتیاق، انجیب خان، عائشہ خان، ناہید وسیم، مسز فوزالہ یوسف فریحہ عاقب، اسماء نورین، قرۃ العین، اسکینہ، روبینہ، عائشہ خان، انزیلا، صبا اور دیگر شامل تھیں

### بقیہ نمبر اطلاعات 04

اے زین العابدین کی ہدایت کے مطابق ہونے والی نیلامی کے عمل کو شفاف اور منظم طریقے سے مکمل کیا جا سکے۔ اس موقع پر ایکٹر ایریاز سیفٹ پروجیکٹ کے متعلقہ افسران بھی موجود تھے، جنہوں نے پروجیکٹ ڈائریکٹر کو مختلف امور اور جاری سرگرمیوں کے حوالے سے بریفنگ دی۔

### بقیہ نمبر اطلاعات 05

عباسی، ڈپٹی انفارمیشن سیکریٹری ڈسٹرکٹ ملیر آغا طارق پٹھان، اور، پیپلز پارٹی پی ایس 85 کے اطلاعات سیکریٹری عبدالستار بٹ، پی پی پی ڈسٹرکٹ ملیر شیراز بلوچ پیپلز یوتھ انفارمیشن سیکریٹری ڈسٹرکٹ ملیر، نواز جوکھیو، پی ایس ایف سینئر نائب صدر حسین جنگ، سوشل میڈیا کوآرڈینیٹر پی پی پی ملیر ایگزیکٹو فدا میر شیخ، ولی گبھیو، پرویز چنا، راجا سعید، بابا ولی بخاری، عمران آرائیں، سلیم بے بے یمن، وقار ڈاہری، حسین جوکھیو، نوید شیخ، محمد علی عطار، سید جاوید شاہ، وقار لاڑک سمیت مختلف یونٹس کے اطلاعات سیکریٹریز اور سوشل میڈیا ایکٹیوسٹس نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان پیپلز پارٹی ملیر کے سیکریٹری اطلاعات شاہجہان خان نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی سیاست کا محور ہمیشہ عوام، جمہوریت اور ملک کی ترقی رہا ہے۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں پیپلز پارٹی عوامی مسائل کے حل، جمہوری اقدار کے تحفظ اور معاشرے کے محروم طبقات کے حقوق کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کے ڈیجیٹل دور میں سیاسی بیانیے کی تشکیل اور عوام تک درست معلومات کی رسائی انتہائی اہم ہے۔ پیپلز پارٹی کے کارکنان اور سوشل میڈیا ایکٹیوسٹس پارٹی کی اصل کارکردگی، عوامی خدمت اور ترقیاتی اقدامات کو موثر انداز میں اجاگر کریں۔

### بقیہ نمبر اطلاعات 06

دوران چیئرمین منصور شیخ نے علاقے میں جاری ترقیاتی کاموں، صفائی ستھرائی، بنیادی بلدیاتی سہولیات اور عوامی مسائل کے حوالے سے مختلف مقامات کا معائنہ کیا۔ متعلقہ افسران نے جاری کاموں اور آئندہ کے لائحہ عمل کے حوالے سے بریفنگ بھی دی۔ اس موقع پر تجاوزات کے حوالے سے بھی مختلف مقامات کا دورہ کیا گیا اور صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ متعلقہ افسران کو ہدایت کی گئی کہ علاقے میں عوامی گزرگاہوں اور سڑکوں پر قائم تجاوزات کے مسئلے کو قواعد و ضوابط کے مطابق دیکھا جائے اور شہریوں کو درپیش مشکلات کے حل کے لیے ضروری اقدامات کیے جائیں۔ چیئرمین منصور شیخ نے کہا کہ علاقے میں جاری ترقیاتی اور بلدیاتی سرگرمیوں کا مقصد شہریوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی اور علاقے کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا ہے۔ بعد ازاں چیئرمین صدر منصور شیخ نے سندھ ہائی کورٹ کو ترچوک پر ترقیاتی اور تزئین و آرائش کے جاری کاموں کا معائنہ بھی کیا۔ دورے کے اختتام پر متعلقہ افسران کو ترقیاتی کاموں کی نگرانی، صفائی ستھرائی اور عوامی مسائل کے حل کے حوالے سے ضروری ہدایات بھی دی گئیں

### بقیہ نمبر اطلاعات 07

ترقیاتی کام اعلیٰ معیار کے مطابق اور مقررہ مدت میں مکمل کیے جائیں تاکہ شہریوں کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ اس موقع پر چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے عوام سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کا مقصد صرف سڑکیں تعمیر کرنا نہیں بلکہ شہریوں کو محفوظ، معیاری اور سہولت بخش سفری ماحول فراہم کرنا ہے۔ نیو کراچی ٹاؤن کے تمام علاقوں میں بلاامتیاز ترقیاتی کام جاری رکھے جائیں گے اور عوامی وسائل کے شفاف استعمال کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ خراب سڑکیں شہریوں کے لیے مشکلات کا باعث بنتی ہیں، اسی لیے ہم ترجیحی بنیادوں پر سڑکوں کی مرمت اور کارپٹنگ کے منصوبوں پر کام کر رہے ہیں۔ ہماری کوشش ہے کہ نیو کراچی ٹاؤن کا ہر علاقہ بہتر انفراسٹرکچر اور جدید شہری سہولیات سے آراستہ ہو۔ چیئرمین محمد یوسف نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تعمیراتی کاموں میں معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے اور منصوبوں کی مسلسل نگرانی جاری رکھی جائے تاکہ عوام کو جلد از جلد ان منصوبوں کے ثمرات حاصل ہو سکیں۔ میونسپل کمشنر افتخار علی شاہ نے ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ عوام کی خدمت اور بنیادی سہولیات کی فراہمی نیو کراچی ٹاؤن کی اولین ترجیح ہے۔

### بقیہ نمبر اطلاعات 08

ماحول میں معاونت کی ذمہ داری دی گئی ہے۔ اس موقع پر امید ظاہر کی گئی کہ رضاکار طلبا اساتذہ اور اسکولوں کو درپیش مسائل کی نشاندہی اور ان کے حل میں اپنا کلیدی کردار ادا کرتے رہیں گے۔ اس اقدام سے تعلیمی اداروں کی حالت زار بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ سرکاری تعلیمی نظام پر عوام کے اعتماد میں اضافہ ہوگا اور علاقے میں ایک مثبت اور تعمیراتی پیغام عام ہوگا۔ مراسلے کی کاپیاں کمشنر کراچی ڈویژن اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کو بھی ارسال کر دی گئی ہیں۔

### بقیہ نمبر اطلاعات 09

کے حل کی جانب اہم عملی پیش رفت سامنے آ گئی، جہاں ٹاؤن چیئرمین حاجی نواز علی بروہی کی خصوصی توجہ اور کاوشوں سے سیوریج لائن کی تنصیب کا کام باقاعدہ طور پر شروع کر دیا گیا ہے۔ ٹاؤن چیئرمین حاجی نواز علی بروہی نے حاجی محمود گوٹھ پہنچ کر سیوریج لائن کی جاری تنصیب کے کام کا تفصیلی معائنہ کیا۔ انہوں نے موقع پر موجود متعلقہ افسران اور انجینئرنگ عملے سے منصوبے کی پیش رفت، تکنیکی امور اور کام کے معیار کے حوالے سے معلومات حاصل کیں اور ہدایت کی کہ ترقیاتی کام کو مقررہ مدت اور معیار کے مطابق تیزی سے مکمل کیا جائے، تاکہ اہل علاقہ کو بلاتاخیر نکاسی آب کی بہتر سہولت میسر آ سکے۔ اس موقع پر ایم اے ایم آفاق عالم سب انجینئر جنید صدیقی سمیت علاقے کے معززین، پیپلز پارٹی کے مقامی رہنما اور اہل علاقہ بھی موجود تھے۔ حاجی نواز علی بروہی کی حاجی محمود گوٹھ آمد پر اہل علاقہ کی جانب سے ان کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔ علاقہ مکینوں نے سندھ کی روایتی ثقافت کے مطابق انہیں اجرک پہنائی اور سیوریج کے دیرینہ مسئلے کے حل کے لیے عملی اقدامات پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر اہل علاقہ کا کہنا تھا کہ حاجی محمود گوٹھ میں سیوریج کا مسئلہ ایک طویل عرصے سے شہریوں کے لیے شدید پریشانی کا باعث بنا ہوا تھا، جس کے باعث بارشوں اور روزمرہ کے معمولات کے دوران مشکلات میں مزید اضافہ ہو جاتا تھا۔ انہوں نے کہا کہ سیوریج لائن کی تنصیب کا کام شروع ہونا علاقے کے لیے ایک اہم عوامی ضرورت کی تکمیل ہے، جس سے شہریوں کو درپیش مشکلات میں کمی آئے گی اور نکاسی آب کا نظام بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔ علاقہ مکینوں نے چیئرمین حاجی نواز علی بروہی سے اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ عوامی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے اور بنیادی بلدیاتی سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کا آغاز خوش آئند ہے۔ اہل علاقہ نے امید ظاہر کی کہ سیوریج لائن کا منصوبہ معیار کے مطابق جلد مکمل ہونے سے حاجی محمود گوٹھ کے مکینوں کو دیرینہ مسئلے سے مستقل ریلیف حاصل ہوگا

### بقیہ نمبر اطلاعات 10

صحافتی و سماجی خدمات کے اعتراف میں انہیں اعترافی ایوارڈ اور شیلڈ پیش کی گئی۔ پریس کلب گوٹکی میں منعقدہ تقریب میں پاکستان تحریک انصاف سکھر ڈویژن کے صدر میر افتخار احمد خان لنڈ، سندھ بار کونسل کے رکن ایڈووکیٹ عبدالرزاق مہر، ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر ایڈووکیٹ شاہنواز و میر الندان سے آئے ہوئے بیرسٹر احسان تھیمن، جئے سندھ محاذ کے مرکزی رہنما الٰہی بخش چاچڑ، شہری اتحاد کے چیئرمین رئیس ابوسایو گھوٹو، لالا قیصر زمان پٹھان سمیت دیگر نے شرکت کی۔ اس موقع پر پریس کلب کے صدر نیاز چنہ، ابو رائیو بوزدار، فرمان علی سومرو، احسان کلوڑ، ایاز لطیف ڈاہپ، آزاد مہر، مسرت علی میر، عبدالجبار مہر، نادر مگسی، حافظ اکرم عباسی، نذیر لانگاہ، ڈاکٹر یاسین لولائی، سعید احمد گجر، فرید ملک، یوسف منگی، ندیم بھٹی، ادریس ایاز، عبدالقادر منگی، عادل نواز کاشی، رضوان ملک، سرفراز میمن، سائیں داد عباسی، یٰسین کولاچی، صدام ملک، قاسم تنیو اور دیگر بھی شریک ہوئے۔ تقریب میں شہری اتحاد، پاکستان پیپلز پارٹی، مسلم لیگ (ن)، جمعیت علمائے اسلام، جسقم سمیت مختلف سیاسی و سماجی تنظیموں سے وابستہ محبوب گھلو، لالا عقیل پٹھان، مجاہد علی جان چاچڑ، سارنگ کلادی، کنیل احمد چاچڑ، سرہ تیج سارنگ کلادی، آصف کلوڑ، محمد حسن چاچڑ، زبیر لغاری، اخلاق شاہ، صادق کلوڑ، ماما رحمان لغاری اور دیگر نے بھی شرکت کی۔ تقریب کے دوران مشتاق شاہی لغاری کو ان کی شاندار صحافتی اور سماجی خدمات کے اعتراف میں اعترافی ایوارڈ اور یادگاری شیلڈ پیش کی گئی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ مشتاق شاہی لغاری نے 29 سالہ صحافتی سفر کے دوران بے شمار مشکلات کے باوجود کبھی شکست تسلیم نہیں کی۔ انہوں نے مختلف اخبارات اور ٹی وی چینلز سے وابستہ رہتے ہوئے گھوٹکی کے عوام کو درپیش حقیقی مسائل کو اجاگر کیا

### بقیہ نمبر اطلاعات 11

سجد صہیب الرومی، گلستان جوہر کراچی میں منعقد ہوا جس میں صوبائی ناظم اعلیٰ علامہ پروفیسر محمد ابراہیم طارق، امیر کراچی مولانا ڈاکٹر عامر عبداللہ محمدی، ناظم کراچی مفتی محمد رفیق سلفی، سرپرست مولانا محمد افضل سردار، ناظم تبلیغ مولانا مفتی بلال بشیر، ناظم خدمت خلق کمیٹی ابوبکر ارشد، ناظم تعمیرات مساجد زاہد عثمانی ناظم رابطہ مولانا عبداللہ ناصر اور دیگر اراکین مجلس عاملہ نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی امیر مولانا مفتی محمد یوسف قصوری نے کہا کہ 15 نومبر کو مینار پاکستان لاہور میں منعقد ہونے والی آل پاکستان اہل حدیث کانفرنس ملک میں نفاذ اسلام اور کتاب و سنت کی سربلندی کی جدوجہد میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگی۔ اس عظیم اجتماع میں پاکستان کے مختلف علاقوں سے اہل حدیث علماء، مشائخ، قائدین اور کارکنان بھرپور شرکت کریں گے، جبکہ بیرون ملک سے بھی اہل حدیث قائدین کی شرکت متوقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب، بنگلہ دیش، نیپال، بھارت، برطانیہ، امریکہ اور دیگر ممالک سے اہل حدیث شخصیات اور قائدین کانفرنس میں شریک ہوں گے۔ مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کے امیر مرکزیہ سینیٹر ڈاکٹر حافظ عبدالکریم خصوصی خطاب فرمائیں گے، جبکہ آئمہ حرمین شریفین کی شرکت بھی کانفرنس کی اہمیت کو مزید اجاگر کرے گی۔ مفتی محمد یوسف قصوری نے کہا کہ مرکزی جمعیت اہل حدیث ملک میں قرآن و سنت کی بالادستی، توحید و سنت کے فروغ، اتحاد امت اور اسلامی اقدار کے تحفظ کے لیے اپنی آئینی، جمہوری اور دعوتی جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہے۔ انہوں نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ 15 نومبر کی آل پاکستان اہل حدیث کانفرنس کو کامیاب بنانے کے لیے بھرپور عوامی رابطہ مہم چلائیں اور سندھ کے تمام اضلاع سے علماء، ائمہ، خطباء اور عوام کی شرکت کو یقینی بنائیں۔ اجلاس میں صوبائی ناظم اعلیٰ علامہ پروفیسر محمد ابراہیم طارق نے تنظیمی امور اور آئندہ کے پروگراموں کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ اتوار 11 اکتوبر کو میرپور خاص میں صوبائی مجلس شوریٰ، امراء اور ناظمین کا اہم اجلاس منعقد کیا جائے گا، جس میں صوبے بھر کی تنظیمی صورتحال، دعوتی سرگرمیوں اور آئندہ کے لائحہ عمل پر غور کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ کراچی میں بھی اراکین مجلس شوریٰ کا خصوصی اجلاس طلب کرنے کی منظوری دی گئی ہے، جبکہ اندرون سندھ مختلف اضلاع کے دورہ جات کا شیڈول بھی مرتب کر لیا گیا ہے۔ ان دورہ جات کا مقصد تنظیمی ڈھانچے کو مزید فعال بنانا، علماء و کارکنان سے رابطے مضبوط کرنا اور دعوت و تبلیغ کی سرگرمیوں کو نچلی سطح تک منظم کرنا ہے۔

### بقیہ نمبر اطلاعات 12

کے باعث علاقہ مکینوں میں شدید تشویش پائی جاتی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ رہائشی گلیوں اور محلوں میں گوداموں کے قیام سے علاقے کا پرسکون ماحول متاثر ہونے کے ساتھ ساتھ روزمرہ زندگی بھی مشکلات کا شکار ہو رہی ہے۔ مکینوں کے مطابق گوداموں میں سامان کی آمد و رفت کے لیے لوڈر رکشوں، مزدا، ٹرکوں اور دیگر گاڑیوں کی مسلسل آمد و رفت رہتی ہے، جس سے تنگ گلیوں میں ٹریفک اور پارکنگ کے مسائل پیدا ہو رہے ہیں۔ سامان کی لوڈنگ اور ان لوڈنگ کے دوران گلیاں کئی کئی گھنٹے متاثر رہتی ہیں، جبکہ شور اور دیگر تجارتی سرگرمیوں سے رہائشیوں خصوصاً بچوں، خواتین اور بزرگوں کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ بلاک 16 فیڈرل بی ایریا کے مختلف رہائشی حصوں میں جگہ جگہ گودام بن گئے ہیں، جس سے یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ رہائشی جائیدادوں کو کمرشل استعمال میں تبدیل کرنے کی اجازت کس قانون یا ضابطے کے تحت دی جا رہی ہے۔ مکینوں نے متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ علاقے میں قائم تمام گوداموں کا سروے کرایا جائے اور ان کے قانونی اجازت ناموں اور کمرشل استعمال کی منظوری کی جانچ کی جائے۔ مکینوں کے مطابق اگر رہائشی علاقوں میں کمرشل سرگرمیوں کا یہ سلسلہ اسی طرح جاری رہا تو مستقبل میں ٹریفک، پارکنگ، صفائی، شور اور سیکیورٹی سمیت متعدد مسائل مزید سنگین ہو سکتے ہیں، جبکہ رہائشی علاقے اپنی اصل حیثیت بھی کھو سکتے ہیں۔

### بقیہ نمبر اطلاعات 13

انعقاد کیا گیا، جس کا بنیادی مقصد معاشرے میں اساتذہ کے کلیدی کردار کو اجاگر کرنا اور ان کی گراں قدر تعلیمی و تدریسی خدمات کو خراج تحسین پیش کرنا تھا۔ اس تقریب کے آرگنائزر سرزبیر بلوچ اور ٹیم لیاری کی پوری ٹیم تھی، جن کی محنت سے یہ تقریب کامیابی سے منعقد ہوئی۔ ٹیم لیاری کی پوری ٹیم، اس کے متحرک اراکین اور بالخصوص قابل قدر رہنما سر زبیر بلوچ، محمد عارف بلوچ، عبدالعزیز آسکانی، محمد آصف کبزئی، الطاف یار محمد، شہزاد کبزئی، امتیاز احمد، حمید شہزاد اور دیگر تمام معزز شخصیات کو ایک شاندار اور کامیاب پروگرام کے انعقاد پر دلی مبارکباد پیش کی جاتی ہے۔ تقریب میں علمی، ادبی، سماجی اور تعلیمی شعبے سے تعلق رکھنے والی نامور شخصیات نے بھرپور شرکت کی۔ اس پروقار تقریب میں بطور مہمان خصوصی سینیٹر یوسف بلوچ نے شرکت کی۔ اس موقع پر لیاری کے مختلف سرکاری اور نجی اسکولوں کے طلبا و طالبات نے جوش و خروش سے حصہ لیا اور اساتذہ کی عظمت کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے دلکش اور بہترین ٹیبلو پیش کیے۔ مقررین نے اساتذہ کو قوم کا معمار قرار دیتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ ایک بہتر معاشرے کی تشکیل کے لیے اساتذہ کی حوصلہ افزائی اور ان کے حقوق کا تحفظ انتہائی ضروری ہے۔ میڈیا سے گفتگو میں سوشل ایکٹیوسٹ شہزاد یوسف بخشی نے میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے پروگرامز کا انعقاد ہونا چاہیے اور لیاری کے لوگوں کو آگے لانے کے لیے اس طرح کی کوششیں جاری رکھنی چاہئیں۔ انہوں نے تقریب میں حصہ لینے والے تمام بچوں اور بچیوں کی صلاحیتوں کو سراہا۔

### بقیہ نمبر اطلاعات 14

شکیل احمد خان نے جاوید اقبال کو پھولوں کے ہار پہنا کر نئے عہدے کی مبارکباد پیش کی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر سینئر انفارمیشن سیکریٹری وجاہت علی صدیقی، نائب صدر رئیس احمد، فنانس سیکریٹری عماد اور ڈپٹی جنرل سیکریٹری شوکت مشتاق سمیت دیگر عہدیداران بھی موجود تھے۔ مقررین نے کہا کہ جاوید اقبال ایک محنتی اور مخلص کارکن ہیں اور ان کے جنرل سیکریٹری منتخب ہونے سے یونین مزید مضبوط اور فعال ہوگی۔

### بقیہ نمبر اطلاعات 15

اضافے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں اور درآمدی کپاس پر انحصار کم کر کے ملک کا قیمتی زرمبادلہ بچایا جا سکے

### بقیہ نمبر اطلاعات 16

روکنے سے نہ صرف ٹرانسپورٹرز بلکہ صنعت، تجارت اور مارکیٹ کا پورا نظام متاثر ہوتا ہے۔ خصوصاً سبزیوں،

### بقیہ نمبر اطلاعات 17

[illegible]

### بقیہ نمبر اطلاعات 18

[illegible]

### بقیہ نمبر اطلاعات 19

[illegible]

### بقیہ نمبر اطلاعات 20

[illegible]

### بقیہ نمبر اطلاعات 21

[illegible]

### بقیہ نمبر اطلاعات 22

[illegible]

### بقیہ نمبر اطلاعات 23

[illegible]

### بقیہ نمبر اطلاعات 25

[illegible]

### بقیہ نمبر اطلاعات 26

[illegible]

### بقیہ نمبر اطلاعات 27

[illegible]

### بقیہ نمبر اطلاعات 28

[illegible]

### بقیہ نمبر اطلاعات 29

[illegible]

### بقیہ نمبر اطلاعات 30

[illegible]

### بقیہ نمبر اطلاعات 31

[illegible]

### بقیہ نمبر اطلاعات 32

[illegible]

### بقیہ نمبر اطلاعات 33

[illegible]

### بقیہ نمبر اطلاعات 34

[illegible]

### بقیہ نمبر اطلاعات 35

[illegible]

### بقیہ نمبر اطلاعات 36

[illegible]

### بقیہ نمبر اطلاعات 37

[illegible]

### بقیہ نمبر اطلاعات 38

[illegible]

### بقیہ نمبر اطلاعات 39

[illegible]

### بقیہ نمبر اطلاعات 40

[illegible]

### بقیہ نمبر اطلاعات 41

[illegible]

### بقیہ نمبر اطلاعات 42

[illegible]

### بقیہ نمبر اطلاعات 43

[illegible]

# ڈی جی KDA کا لائنز ایریا پارکنگ پلازہ کا دورہ، جائزہ
# لائنز ایریا میں سرکاری املاک کے تحفظ کا فیصلہ

سرکاری اراضی کا مکمل ریکارڈ اور موقع پر موجود صورتحال کا تفصیلی جائزہ لے کر آئندہ کے لائحہ عمل کو مؤثر انداز میں مرتب کیا جائے، ڈی جی کے ڈی اے

پروجیکٹ کے متعلقہ افسران بھی موجود تھے، جنہوں نے پروجیکٹ ڈائریکٹر کو مختلف امور اور جاری سرگرمیوں کے حوالے سے بریفنگ دی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل کے ڈی اے زین العابدین انصاری کی ہدایات پر لائنز ایریا ری سیٹلمنٹ پروجیکٹ (لارپ) کے پروجیکٹ ڈائریکٹر محمد عمر فاروق نے پارکنگ پلازہ کا تفصیلی دورہ کیا اور پلازہ کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران پروجیکٹ ڈائریکٹر نے پارکنگ پلازہ کی موجودہ حالت، دستیاب سہولیات اور دیگر متعلقہ امور کا معائنہ کیا۔ انہوں نے لائنز ایریا میں سرکاری اراضی پر موجود غیر قانونی تعمیرات کا بھی جائزہ لیا اور سرکاری اراضی کی نشاندہی اور جانچ پڑتال کے عمل کا معائنہ کیا۔ پروجیکٹ ڈائریکٹر محمد عمر فاروق نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ سرکاری اراضی کا مکمل ریکارڈ اور موقع پر موجود صورتحال کا تفصیلی جائزہ لے کر آئندہ کے لائحہ عمل کو مؤثر انداز میں مرتب کیا جائے، تاکہ سرکاری املاک کے تحفظ کو یقینی بنایا جا سکے اور مستقبل قریب میں ڈائریکٹر جنرل کے ڈی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4





## پیپلز پارٹی ملیر کا اطلاعاتی و ڈیجیٹل نیٹ ورک مضبوط بنانے کا فیصلہ

سوشل میڈیا پر حقائق کے ذریعے منفی پروپیگنڈے کا جواب دیں، شاہجہان خان

سیاسی مخالفین کے بے بنیاد الزامات کا جواب جذبات نہیں دلیل اور حقائق سے دیا جائے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی ملیر کے شعبہ اطلاعات کے سیکریٹری شاہجہان خان کی زیر صدارت پیپلز پارٹی پی ایس 85 کے تمام اطلاعات سیکریٹریز، ڈپٹی سیکریٹریز اور سوشل میڈیا ایکٹیوسٹس کا اہم اجلاس پاکستان پیپلز پارٹی ڈسٹرکٹ ملیر کے جنرل سیکریٹری امداد جوکھیو ہاؤس گلشن حدید میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی انفارمیشن سیکریٹری ڈسٹرکٹ ملیر نعیم

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5

## سرسید یونیورسٹی میں نئے تعلیمی سال کا شاندار آغاز، طلبہ کیلئے اورینٹیشن سیشن کا انعقاد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سرسید یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی (SSUET) میں نئے تعلیمی سال کا آغاز ایک شاندار اورینٹیشن سیشن کے ساتھ ہوا۔ اس تقریب میں نئے طلبا اور ان کے والدین نے بھرپور شرکت کی۔ اس سیشن کا مقصد طلبا کو یونیورسٹی کے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18

## مثانے کی کمزوری کو نظر انداز نہ کریں، ڈاکٹر کاشف ظہیر



پیشاب کی بے قابو کیفیت کی متعدد وجوہات ہو سکتی ہیں، درست تشخیص ضروری ہے

بار بار پیشاب آنے، رات کو نیند سے اٹھنے اور پیشاب روکنے میں دشواری کو معمولی نہ سمجھیں

کراچی (ہیلتھ رپورٹر) خواتین اور عمر رسیدہ افراد میں اس کی کئی وجوہات ہو سکتی ہیں جیسے مثانے کا کمزور ہونا، گردوں کا گرم ہونا، پیشاب کی نالی کا انفیکشن یا ذیابیطس ہوتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار معروف یورولوجسٹ ڈاکٹر کاشف ظہیر نے خصوصی بات چیت میں کیا۔ ڈاکٹر کاشف ظہیر نے کہا کہ اکثر لوگ ڈاکٹر سے رجوع کرنے کے بجائے خود سے دوا استعمال کرتے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1

## گورنر سندھ سے رکن قومی اسمبلی آغا رفیع اللہ کی ملاقات

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی سے رکن قومی اسمبلی آغا رفیع اللہ نے گورنر ہاؤس میں ملاقات کی۔ ملاقات میں کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن میں پارلیمانی لیڈر محمد فیروز خان اور سماجی رہنما چوہدری اشتیاق بھی موجود تھے۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، ملکی و صوبائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

## 150 سے زائد ممالک کے سفر نے دنیا کو نئے زاویے سے دکھایا، انتون کروٹوف

روسی مہم جو و مصنف انتون کروٹوف کا خصوصی لیکچر، دنیا بھر کے سفری تجربات سے شرکا کو آگاہ کیا

کراچی کی فضا اور پاکستانی کھانوں خصوصاً بریانی کی تعریف، موسم گرما میں روس آنے کی دعوت بھی دے دی

کراچی (رپورٹر شمس رانا) مرکز برائے سائنس و ثقافت روس ہاؤس میں طارق روڈ کے مرکزی کانفرنس ہال کراچی میں معروف روسی مہم جو، سیاح اور مصنف انتون کروٹوف نے ایک خصوصی لیکچر دیا، جس میں انہوں نے دنیا کے 150 سے زائد ممالک کے سفر کے دوران حاصل ہونے والے اپنے وسیع تجربات اور مشاہدات سے آگاہ کیا۔ لیکچر کے دوران انتون باقی

صفحہ 3 بقیہ نمبر 2

# انڈسٹری کو بھاری نقصان کا خدشہ
کنٹینرز کی پکڑ دھکڑ — صدر کاٹی

سیکیورٹی ضرورت کے تحت رکاوٹیں ناگزیر ہوں تو متبادل انتظامات کے ذریعے تجارتی مال کی ترسیل یقینی بنائی جائے

جلد خراب ہونے والی اشیا کی ترسیل میں تاخیر سے مالی نقصان اور قیمتوں میں اضافے کے امکانات بڑھ جاتے ہیں، شیخ عمر ریحان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) کے صدر شیخ عمر ریحان نے اسلام آباد میں گڈز ٹرانسپورٹ کے کنٹینرز کی پکڑ دھکڑ پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ تجارتی سرگرمیوں اور سپلائی چین کی روانی فوری بحال کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ گڈز ٹرانسپورٹرز کے مطابق گزشتہ تقریباً 20 روز سے مختلف مقامات پر کنٹینرز اور ٹرک روکے جا رہے ہیں، جس سے ٹرانسپورٹرز، لاجسٹکس کمپنیوں، درآمد کنندگان اور برآمد کنندگان کو بھاری مالی نقصان ہو رہا ہے۔ مال بردار گاڑیوں کی طویل بندش سے درآمدی و برآمدی سامان، صنعتی خام مال اور اشیائے ضروریہ کی ترسیل متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ شیخ عمر ریحان نے کہا کہ کنٹینرز ملکی تجارت اور سپلائی چین کا بنیادی حصہ ہیں، ان کی نقل و حرکت

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16



# کراچی میں ترقیاتی کام مخالفین کو ہضم نہیں ہو رہے
شگفتہ جمانی

پیپلز پارٹی نے ہمیشہ خواتین ونگ کو پارٹی کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت دی ہے، خواتین ونگ کی تنظیم یونین کونسل کی سطح تک مکمل ہے

ہمیں اپنی قیادت، صدر مملکت آصف علی زرداری، چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور خواتین ونگ کی مرکزی صدر فریال تالپور پر فخر ہے

کراچی (نمائندہ خصوصی) پاکستان پیپلز پارٹی شعبہ خواتین سندھ کی صدر و رکن قومی اسمبلی شگفتہ جمانی نے کہا ہے کہ صوبوں کی سرزمین سندھ نے اردو بولنے والوں سمیت پاکستان میں بولی جانے والی تمام زبانوں کے لوگوں اور ہر طبقے کو اپنایا ہے۔ پیپلز پارٹی واحد جماعت ہے جہاں رنگ و نسل کی کوئی تفریق نہیں اور پارٹی میں تمام افراد کو خوش آمدید کہا جاتا ہے۔ میڈیا سیل بلاول ہاؤس کراچی میں منعقدہ پریس کانفرنس کے دوران مختلف سیاسی جماعتوں سے تعلق رکھنے والی خواتین عہدیداران، سماجی و کاروباری شخصیات نے باضابطہ طور پر پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت کا اعلان کیا۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے شگفتہ جمانی نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ خواتین ونگ کو پارٹی کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت دی ہے۔ خواتین ونگ کی تنظیم یونین

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3

## پاکستانی وفد کا فلپائن کا دورہ، دوطرفہ تعاون بڑھانے پر اتفاق

زراعت، سیاحت، عوامی روابط اور بین الپارلیمانی تعاون کے فروغ پر زور

سینیٹر عبدالقادر اور وقار مہدی کی فلپائنی سینیٹ کے وفد کو پاکستان آنے کی دعوت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان اور فلپائن نے زراعت، عوامی روابط، سیاحت اور بین الپارلیمانی تعاون سمیت مختلف شعبوں میں دوطرفہ روابط اور تعاون مزید فروغ دینے پر اتفاق کیا ہے۔ پاکستانی سینیٹ کے وفد نے سینیٹر محمد عبدالقادر اور سینیٹر سید وقار مہدی کی قیادت میں فلپائن کا دورہ کیا۔ فلپائن کی سینیٹ کے صدر سینیٹر شیرون گیٹچالیان نے سینیٹر راجہ پیا کے ہمراہ سینیٹ میں پاکستانی وفد کا خیر مقدم کیا۔ فلپائن میں پاکستان کی سفیر عاصمہ ربانی بھی اس موقع پر وفد کے ہمراہ تھیں۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19

# آج بھی شہریوں کو براہِ راست شکایات پہنچانے کا موقع دیا جا رہا ہے
کرم اللہ وقاصی

شہری سہولیات کی بہتری، سڑکوں کی بحالی، ٹریفک نظام کو بہتر بنانے، پانی و سیوریج کے دیرینہ مسائل کے حل کیلئے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے

میئر کراچی کچہری کے ذریعے شہریوں کی شکایات براہِ راست سنی جا چکی ہیں، ترجمان میئر کراچی، پارلیمانی لیڈر کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میئر کراچی کے ترجمان اور کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن میں پیپلز پارٹی کے پارلیمانی لیڈر کرم اللہ وقاصی نے کہا ہے کہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20

## صدر ٹاؤن چیئرمین منصور شیخ کا دورہ، ترقیاتی کاموں اور تجاوزات کا جائزہ

متعلقہ افسران نے جاری کاموں اور آئندہ کے لائحہ عمل کے حوالے سے بریفنگ بھی دی

شہریوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی اور علاقے کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین منصور شیخ نے UC-4 کراچی گارڈن کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے علاقے میں جاری مختلف ترقیاتی اور بلدیاتی کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر میونسپل کمشنر ذیشان صابر، UC-4 وائس چیئرمین رحمان آفریدی، ڈائریکٹر پارکس عاصم علی خان، سپرنٹنڈنٹ انجینئر ٹیکنیکل ایڈوائزر سلمان رحمن، سپرنٹنڈنٹ انجینئر ایم اینڈ ای ممتاز علی زرداری، ڈپٹی ڈائریکٹر لینڈ جمشید بشیر اور متعلقہ افسران بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ دورے کے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6



چیئرمین منصور شیخ UC-4 کراچی گارڈن کا دورہ کر کے علاقے میں جاری مختلف ترقیاتی اور بلدیاتی کاموں کا تفصیلی جائزہ لے رہے ہیں

## جماعت اسلامی کے منتخب نمائندوں کی نگرانی میں نیو کراچی ٹاؤن میں ترقیاتی کام جاری

نیو کراچی ٹاؤن 5200 روڈ پر مرمتی کام کا آغاز، سیکٹر 9 نارتھ کراچی میں روڈ کارپیٹنگ جاری

نارتھ کراچی سیکٹر 09 میں سڑکوں کی تعمیر جاری، علاقہ مکینوں کا دیرینہ مطالبہ پورا کیا جا رہا ہے، محمد یوسف

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جماعت اسلامی کے منتخب نمائندوں کی نگرانی میں نیو کراچی ٹاؤن میں ترقیاتی کام شب و روز جاری۔ چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے میونسپل کمشنر ذوالفقار علی شاہ کے ہمراہ عوام کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی کے لیے 5200 روڈ، جو مارکیٹ سے کالا اسکول تک سڑک کی مرمت کے منصوبے کا باقاعدہ آغاز کر دیا۔ بعد ازاں چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے وائس چیئرمین شعیب بن ظہیر کے ہمراہ نارتھ کراچی سیکٹر 9 میں جاری روڈ کارپیٹنگ کے کام کا تفصیلی جائزہ بھی لیا۔ اس موقع پر AC ایڈ آر آغا جہانزیب، انچارج پی اینڈ آر فیصل صابر، انجینئر پی اینڈ آر ساجد صدیقی و دیگر متعلقہ افسران بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ چیئرمین محمد یوسف نے متعلقہ حکام سے منصوبوں کی رفتار، معیار اور تکمیل کے مقررہ وقت کے بارے میں بریفنگ حاصل کی اور ہدایت کی کہ تمام

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7



میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نور دین گوٹھ ضلع کورنگی میں شہید عبداللہ مراد کمیونٹی سینٹر کے منصوبے کے افتتاح کے بعد میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

# کپاس کی پیداوار بڑھا کر زرمبادلہ بچایا جائے
عاطف شکور

کراچی کاٹن ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام عالمی یوم کپاس منایا گیا، کپاس کی پیداوار اور معیار بہتر بنانے پر زور

حکومت پر زور دیا کہ کپاس کی پیداوار اور معیار میں اضافے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کاٹن ایسوسی ایشن (KCA) کے زیر اہتمام عالمی یوم کپاس 7 اکتوبر 2026 کو ایکسچینج ہاؤس، مین کلفٹن کراچی میں منایا گیا۔ تقریب کا مقصد عالمی سطح پر کپاس کی اہمیت اجاگر کرنے کے ساتھ پاکستان میں کپاس کی پیداوار میں اضافے اور مقامی ٹیکسٹائل صنعت کی خام مال کی ضروریات پوری کرنے کے لیے درپیش مسائل کو اجاگر کرنا تھا۔ تقریب سے کراچی کاٹن ایسوسی ایشن کے چیئرمین محمد عاطف شکور، سینئر وائس چیئرمین رضوان اقبال عمر، وائس چیئرمین پریم چند، سابق چیئرمین خواجہ ایم زبیر، سابق رکن ایگزیکٹو کمیٹی محمد عارف پراچہ اور بروکرز ایڈوائزری کمیٹی کے رکن و ڈالفنس یافتہ کاٹن بروکر چندر لال نے خطاب کیا۔ محمد عاطف شکور نے حکومت پر زور دیا کہ کپاس کی پیداوار اور معیار میں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15



# ویڈیو جرنلسٹس میڈیا کا ایک بنیادی اور اہم حصہ ہے
PFUJ (ورکرز)

پی ایف یو جے (ورکرز) کی جانب سے ویڈیو جرنلسٹس ایسوسی ایشن کے نومنتخب عہدیداروں کے اعزاز میں نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں استقبالیہ

پی ایف یو جے (ورکرز) کی صدر ڈاکٹر سعدیہ کمال، نازیہ آصف، سینئر صحافی و ممبر پریس کلب عائشہ ناز، حنیف خٹک اور سینئر صحافی محمد فیضان و دیگر کی شرکت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس (ورکرز) کی جانب سے ویڈیو جرنلسٹس ایسوسی ایشن کے نومنتخب عہدیداروں کے اعزاز میں نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں ایک استقبالیہ کا اہتمام کیا گیا جس سے پی ایف یو جے (ورکرز) کی صدر ڈاکٹر سعدیہ کمال، نازیہ آصف، سینئر صحافی و ممبر پریس کلب عائشہ ناز، حنیف خٹک اور سینئر صحافی محمد فیضان، جواد ملک، تنویر ہاشمی، علی لیاقت، مقدس چوہدری، مشتاق، فاطمہ مغل و دیگر نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ایسوسی ایشن کے نومنتخب عہدیداران جن میں صدر محمد کاشف عباسی، سینئر نائب صدر راؤ القرنین، نائب صدر انیس خواجہ، جنرل سیکریٹری رضوان راجہ، فنانس سیکریٹری خرم روشن، سینئر جوائنٹ سیکریٹری مجیب الرحمن، جوائنٹ مدثر رحیم اور گورننگ باڈی کے اراکین فہیم اختر، جمیل

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21

## مرکزی جمعیت اہل حدیث سندھ کی مجلس عاملہ کا اہم اجلاس

آل پاکستان اہل حدیث کانفرنس نفاذ اسلام کی جدوجہد میں سنگ میل ثابت ہوگی، مفتی محمد یوسف قصوری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان صوبہ سندھ کی مجلس عاملہ کا اہم اجلاس صوبائی امیر مولانا مفتی محمد یوسف قصوری کی زیر صدارت جامعہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11

## بلاک 16 فیڈرل بی ایریا میں رہائشی علاقوں کے اندر گوداموں کا قیام، شہری پریشان

گلی محلوں میں جگہ جگہ کمرشل گودام قائم، ٹریفک، پارکنگ اور شہری زندگی متاثر ہونے لگی

کراچی (رپورٹ طارق بھٹی) بلاک 16 فیڈرل بی ایریا میں رہائشی علاقوں کے اندر جگہ جگہ سینہ زوری پر کمرشل گودام قائم کیے جانے کا سلسلہ جاری ہے، جس

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12

# اعتدال پسند قیادت ہی تبدیلی لا سکتی ہے
عشرت العباد

ایم پی پی کی سرگرمیاں سیاسی منظرنامے میں ایک زیر بحث پہلو بن گئی، مفاہمت، مکالمے اور انتظامی تجربے پر مبنی سیاسی بیانیے کی گنجائش پر بحث فطری ہے

ستمبر 2026 میں ڈاکٹر عشرت العباد خان نے نئے صوبوں یا انتظامی یونٹس کے معاملے پر عوامی رائے اور ضرورت پڑنے پر ریفرنڈم کی حمایت کی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ سمیت ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال، معاشی دباؤ اور سیاسی کشیدگی کے تناظر میں اعتدال پسند، مفاہمتی اور مکالمے پر مبنی سیاست کی ضرورت ایک بار پھر زیر بحث ہے۔ اسی تناظر میں سابق گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان کے سیاسی موقف، ایم پی پی کی سرگرمیوں اور مستقبل کے ممکنہ سیاسی کردار پر سیاسی و سماجی حلقوں میں تبادلہ خیال جاری ہے۔ ڈاکٹر عشرت العباد خان 2002 سے 2016 تک سندھ کے گورنر رہے اور سندھ حکومت کے سرکاری ریکارڈ کے مطابق وہ صوبے کے طویل ترین عرصے تک گورنر رہنے والی شخصیات میں شامل ہیں۔ ان کے سیاسی بیانات میں حالیہ عرصے کے دوران قومی یکجہتی، سیاسی مفاہمت، نفرت اور تقسیم سے گریز، انتظامی اصلاحات اور عوامی رائے کی اہمیت جیسے موضوعات نمایاں رہے ہیں۔ ستمبر 2026 میں ڈاکٹر عشرت العباد

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17

## چیئرمین اینٹی اسٹریٹ کرائم فورم کراچی کو سفیر مقرر کر دیا گیا

عثمان الحسن کی جرائم کی روک تھام اور عوام الناس کی بہتری کے لیے کی جانیوالی کوششیں قابل تحسین ہیں



کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر کورنگی کی جانب سے سماجی فلاح و بہبود اور انسانی حقوق کی خدمات کے اعتراف میں چیئرمین اینٹی اسٹریٹ کرائم فورم کراچی سید عثمان الحسن ایڈووکیٹ کو ضلع کورنگی کے تمام سرکاری اسکولوں کا سفیر (Ambassador) مقرر کر دیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر کورنگی ڈاکٹر مسعود بھٹو کی جانب سے جاری کردہ خط میں کہا گیا ہے کہ عثمان الحسن کی ضلع کی سطح پر خصوصاً جرائم کی روک تھام اور عوام الناس کی بہتری کے لیے کی جانیوالی کوششیں قابل تحسین ہیں، جس کی وجہ سے انہیں یہ ذمہ داری سونپی گئی ہے، جس سے امید ہے کہ وہ سرکاری اسکولوں کی دیکھ بھال، بہتری اور تعلیمی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8

## انڈس نیوز کے بیورو چیف سید سلیم اللہ کی چیئرمین منگھوپیر سے ملاقات

21 اکتوبر کو منعقد ہونے والی 27 ویں سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کانفرنس کا دعوت نامہ پیش کیا



کراچی (اسٹاف رپورٹر) انڈس نیوز کے بیورو چیف سید سلیم اللہ کی ٹاؤن چیئرمین حاجی نواز بروہی سے ملاقات۔ ملاقات میں سید سلیم اللہ نے ٹاؤن چیئرمین منگھوپیر حاجی نواز بروہی کو بحیثیت مہمان خصوصی کنیز فاطمہ میموریل ویلفیئر آرگنائزیشن کے زیر اہتمام 21 اکتوبر کو منعقد ہونے والی 27 ویں سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کانفرنس کا دعوت نامہ پیش کیا۔



جامعہ کراچی اور الگوتر یونیورسٹی کے اشتراک سے پبلک ہیلتھ کے موضوع پر منعقدہ پہلی بین الاقوامی کانفرنس سے ہیلتھ سروسز اکیڈمی اسلام آباد کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شہزاد علی خان خطاب کر رہے ہیں

## حاجی محمود گوٹھ میں سیوریج لائن کی تنصیب شروع

چیئرمین حاجی نواز علی بروہی کا سیوریج لائن کی تنصیب کے کام کا معائنہ، معیار یقینی بنانے کی ہدایت

سیوریج منصوبہ مقررہ فنی معیار کے مطابق جلد مکمل کیا جائے، چیئرمین منگھوپیر حاجی نواز علی بروہی



کراچی (اسٹاف رپورٹر) ٹاؤن میونسپل کارپوریشن منگھوپیر کی یونین کمیٹی 01 کے علاقے حاجی محمود گوٹھ کے مکینوں کو درپیش سیوریج کے دیرینہ مسئلے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9

## عالمی یوم اساتذہ: فیس لیاری کے تحت آرٹس کونسل میں تقریب کا انعقاد

تقریب میں علمی، ادبی، سماجی اور تعلیمی شعبے سے تعلق رکھنے والی نامور شخصیات نے بھرپور شرکت کی

لیاری کے مختلف سرکاری اور نجی اسکولوں کے طلبا و طالبات نے جوش و خروش سے حصہ لیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) فیس لیاری کے زیر اہتمام آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی میں عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر ایک پروقار اور یادگار تقریب کا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13

## ملک میں سونے کی قیمت میں بڑی کمی ریکارڈ کی گئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ملک میں سونے کی قیمت میں بڑی کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ سونے کی فی تولہ قیمت میں 3100 روپے کی کمی ہوئی،

## عرس کی تقریبات، دربار شریف لبیک یا رسول اللہ ﷺ کے نعروں سے گونج اٹھا

دربار شریف درود و سلام اور لبیک یا رسول اللہ ﷺ کے نعروں سے گونجتا رہا، ملک و بیرون ملک سے علماء و مشائخ کی شرکت

جید علمائے محبت رسول ﷺ، عظمت اہل بیت اطہار، مقام صحابہ کرام اور بزرگان دین کی تعلیمات پر روشنی ڈالی

حیدرآباد (بیورو رپورٹ) سیدنا قاضی عبدالوہاب شاہ جیلانی ٹرسٹ کے چیئرمین الحاج گلشن الٰہی قادری فریدی چشتی کی زیر سرپرستی اور صاحبزادہ مفتی حسان الٰہی قادری چشتی فریدی صاحبزادہ فیضان الٰہی، صاحبزادہ احسن ناظر کی زیر نگرانی جاری سالانہ عرس مبارک کی تین روزہ تقریبات کے چوتھے روز بھی روحانی جوش و جذبہ کا انوکھا منظر دیکھنے میں آیا۔ دربار شریف کی فضائیں درود و سلام اور لبیک یا رسول اللہ ﷺ کے فلک شگاف نعروں سے گونجتی رہیں، جبکہ زائرین کا جوش و جذبہ دیدنی تھا۔ عرس مبارک کے تیسرے روز محفل کا آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم سے ہوا۔ اس پروقار تقریب سے ملک و بیرون ملک سے تشریف لائے نامور جید علما کرام نے خصوصی خطاب کیا۔ تقریب سے حضرت علامہ مولانا مفتی عباس قادری عطاری نے تشریف لائے سید غلام

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22

## حمید شیخ کی اہلیہ کے انتقال پر ایم کیو ایم پاکستان کا اظہار تعزیت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کی مرکزی کمیٹی کے اراکین نے جوائنٹ ڈسٹرکٹ آرگنائزر سانگھڑ حمید شیخ کی اہلیہ کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا

## گھوٹکی کے سینئر صحافی مشتاق شاہی لغاری کیساتھ ایک پروقار تقریب

ان کی 29 سالہ صحافتی و سماجی خدمات کے اعتراف میں انہیں اعترافی ایوارڈ اور شیلڈ پیش کی گئی

مشتاق شاہی لغاری نے 29 سالہ صحافتی سفر کے دوران بے شمار مشکلات کے باوجود کبھی شکست تسلیم نہیں کی

گھوٹکی (رپورٹ: لیاقت لطیف راجو) گھوٹکی کے سینئر صحافی مشتاق شاہی لغاری کے ساتھ ایک پروقار تقریب منعقد کی گئی، جس میں ان کی 29 سالہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10



گھوٹکی کے سینئر صحافی مشتاق شاہی لغاری کے ساتھ ایک پروقار تقریب میں لی گئی تصاویر

## جاوید اقبال کے اعزاز میں تقریب، اسلم سموں کا شکریہ ادا

جاوید اقبال مخلص کارکن ہیں ان کے جنرل سیکرٹری منتخب ہونے سے یونین مزید مضبوط اور فعال ہوگی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) منگھوپیر ٹاؤن پیپلز لیبر یونین کی جانب سے پیپلز لیبر بیورو کراچی ڈویژن کے صدر اسلم سموں کا شکریہ ادا کیا گیا جنہوں نے جاوید اقبال کو جنرل سیکرٹری منتخب کیا۔ اس سلسلے میں منگھوپیر ٹاؤن پیپلز لیبر یونین کے صدر شکیل احمد خان کی جانب سے نو منتخب جنرل سیکرٹری جاوید اقبال کے اعزاز میں ایک پروقار پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ پروگرام میں صدر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14



فیس لیاری کے زیر اہتمام آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی میں عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر ایک پروقار اور یادگار تقریب میں لی گئی تصاویر